No.F.FNRC.TECH/10-18/15/NurseryReg/.........

فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ

SOPs

مورخہ ______

پودوں کی نرسریوں کی لازمی رجسٹریشن

باغبانی کے شعبے کی ترقی کے لیے ایک منظم اور معیاری نرسریوں کا نظام نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ حکومتِ پاکستان نے بیماریوں سے پاک اور صحیح نسل نرسری پودہ جات کی پیداوار کے لیے قومی سطح پر ایک مربوط نظام وضع کیا ہے۔

فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (FSC&RD) زرعی تحقیقاتی اداروں کے اشتراک سے پودوں کی موزوں اقسام کی "رجسٹریشن" کرتا ہے۔ بیماریوں سے پاک بیج، قلم یا آنکھ کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے صوبائی تحقیقاتی ادارے ان اقسام کے پودوں کے مخصوص نباتات جنہیں جرم پلازم یونٹ (GPU) کہا جاتا ہے قائم کرتے ہیں۔

سیڈ ایکٹ مجریہ 1976ء میں دورانِ سال 2015ء کی گئی ترامیم کے مطابق:

۱۔ نرسری ہر وہ جگہ ہے جہاں پودے تیار کیے جاتے ہیں یا بیچنے کے لیے پورا سال رکھے جاتے ہیں۔

۲۔ پودوں کی نرسری کی وفاقی حکومت سے "رجسٹریشن" لازمی قرار دی گئی ہے۔

۳۔ پودوں کی نرسری سیڈ ایکٹ 1976ء اور پاکستان فروٹ پلانٹ سرٹیفکیشن رولز 1998ء کے تحت اپنے کاروبار کر سکے گی۔

اہم اوران کی سزا

جو بھی مندرجہ بالا قوانین کی خلاف ورزی کرے یا ضابطہ کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو؛ یا

) درآمد کرے، بیج ذخیرہ کرے یا بیچنے کے لیے نمائش کرے یا تبادلہ کرے یا مہیا کرے کسی بھی قسم یا پودے کی قسم یا ہائبرڈ بیج جس کے متعلق شبہ ہو یا اس پر غلط لیبل لگا ہو؛ یا

) درآمد کرے، بیج ذخیرہ کرے یا بیچنے کے لیے نمائش کرے یا تبادلہ کرے یا مہیا کرے کسی بھی قسم یا پودے کی قسم یا ہائبرڈ بیج جو منظور شدہ نہ ہو؛ یا

اس قانون کے تحت سیڈ انسپکٹر یا سیڈ سرٹیفکیشن آفیسر کو نمونہ لینے یا معائنہ سے روکے؛ یا

کسی سرکاری اہلکار کو ان کے اختیارات سے روکے جو کہ اس قانون نے تفویض کیے ہوں تو وہ قابل سزا ہوگا۔

i) پہلی مرتبہ جرم پر تین ماہ تک قید، یا دو لاکھ روپے تک جرمانہ؛ اور

ii) دوبارہ ارتکاب جرم پر چھ ماہ تک قید یا چھ لاکھ روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں ایک ساتھ ہو سکتی ہیں۔

CamScanner

نرسری رجسٹریشن کا طریقہ کار

۱۔ نرسری مالک نرسری رجسٹریشن کے لیے فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کو Form H-01 (منسلک ہے) پر درخواست دے گا۔

۲۔ نرسری مالک درخواست فارم کے ہمراہ مندرجہ ذیل کاغذات لگائے گا۔

i نرسری مالک کی تصویر (پاسپورٹ سائز)

ii نرسری مالک کا شناختی کارڈ (تصدیق شدہ فوٹو کاپی)

iii نرسری کا نقشہ

iv نرسری کی اراضی کے کاغذات (مالکانہ یا لیز کے کاغذات کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی)

v متعلقہ فارم (منسلک شدہ) پر نرسری رجسٹریشن کی فیس (مبلغ 10,000) جمع شدہ بنک رسید۔

۳۔ موزوں قرار پانے والی نرسریوں کو پانچ سال کے لیے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری ہوگا جو قابلِ تجدید ہوگا۔

رجسٹریشن کے بغیر نرسریوں کا کاروبار کرنے والی فرموں اور مالکان کے خلاف سیڈ ایکٹ مجریہ 1976ء کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نرسری رجسٹریشن کی درخواست مع درکار کاغذات مورخہ ________ 2020ء تک دفتر ہٰذہ میں جمع کروادیں۔ بصورتِ دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ رجسٹریشن سے متعلق معلومات کے لیے سرکاری اوقاتِ کار کے دوران محکمہ فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن کے مندرجہ ذیل دفتر سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

برائے اطلاع: تمام نرسری مالکان ________________

میں نے مندرجہ بالا نرسری رجسٹریشن و فیس فارم وصول کر لیے ہیں۔

نمبر شمار	نرسری کا نام	مالک / منتظم	فون نمبر	CNIC نمبر	پتہ	دستخط

____

____

فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ

____

فون نمبر: ________________